# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. آنکھ زرد نقطہ کیا ہے؟

**Ans 1:** آنکھ کا زرد نقطہ ریٹینا پر اس جگہ واقع ہوتا ہےجو آنکھ کے عد سے بالکل مقابل ہوتا ہے.اس حصے میں مستقیم اور مخروطی خلیے کی تعداد میں ہوتے ہیں اس لیے اس حصے پر شعاعوں کے ذریعے بنے والی شبیہ میں پوری تفصیلات ہوتی ہیں.

Q2. قاقلیہ کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** کان کے اندرونی حصے کا نام قلیہ ہے،یہ گھونگھے کی شکل کی پیچیدہ ٹیوب ہے،یہ ٹیوب ایک خاص قسم کی کیمیاوی مادے سے بھری ہوئی ہوتی ہے.

Q3. توجہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** توجہ دراصل حواس کو شعوری طور پر کسی ایک چیز پر مرکوز کرنے کا نام ہے.

Q4. جزوی رنگ کوری کون سی بیماری ہے؟

**Ans 1:** عام صحت مند آدمی کو دھنگ کے تمام رنگ نظر آئے،اگر وہ ان رنگوں میں بعض کا امتیاز نہ کر سکے تو وہ جزوی رنگ گورا ہوتا ہے.

Q5. آنکھ میں پتلی کا کیا کام ہے؟

**Ans 1:** آنکھ میں آئس کے درمیان ایک سوراخ ہوتا ہے.اس سوراخ کا نام آنکھ کی پتلی ہے،یہ سوراخ بعص عضلات کی مدد سے چھوٹا اور بڑا بھی ہو جاتا ہے تاکہ ضرورت کے مطابق روشنی آنکھ میں داخل ہو، دراصل یہ سوراخ کمیرے کے اپرچر کی طرح ہے اور وہی کام کرتا ہے.کیمرے کا اپرچر بھی تیز روشنی میں گھٹایا اور کم روشنی میں بڑھایا جا سکتا ہے.

Q6. کان بطور عضو توازن کیسے کام کرتا ہے؟

**Ans 1:** جب ہم چلتے پھرتے ،رکتے یا اپنے سر کو کسی جنبش دیتے ہیں تو ایک کیمیاوی مادہ ریشوں کے سرے مڑتے ہیں جس کی وجہ سے ان میں برقی سگنل پیدا ہوتا ہے. یہ سگنل دماغ کو ہمارے جسم کی نشست و بر خاست کی حالت اور توازن کی ضرورت سے آگاہ رکھتا ہے.

Q7. تموج توجہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تموج توجہ سے مراد ہے توجہ میں کمی پیشی ،یعنی کسی کام کے سلسلے میں توجہ کا کم یا زیادہ ہونا.

Q8. عروقی پروہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** عروقی پروہ آنکھ کے ڈیلے کا درمیانی غلاف ہے اس غلاف میں خون کی رگیں اور شریانیں پائی جاتی ہیں اور آئرس میں براؤن رنگ کے مادے کے خلیات پائےجاتے ہیں جو روشنی کی فالتوں شعاعوں کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور عکس کو دھند لا ہونے سے بچاتے ہیں.

Q9. مُلر لائر التباس کیا ہے؟

**Ans 1:** مُلر کائر التباس ،جسامت کا التباس ہے جس میں لمبائی زیادہ معلوم ہوتی ہے حالانکہ دونوں خطوط برابر ہوں.

Q10. ادراکی تنظیم کے دو اصول تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.شکل و ارض 2.قربت